City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

# News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

# کیا آپ Mississauga کے بلدیاتی انتخابات 2026 میں حصہ لینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟

امیدواروں کی نامزدگی کا عمل بروز جمعہ، 1 مئی 2026 کو صبح 8:30 بجے شروع ہو گا۔

24 اپریل 2026

بلدیاتی انتخابات Mississauga میں روزمرہ زندگی کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سڑکوں، پارکس، رہائشوں، لائبریریوں اور کمیونٹی پروگراموں سے متعلق تمام فیصلے سٹی ہال میں ہی ہوتے ہیں۔ اسی لیے کونسل کے اراکین کے کردار کو سمجھنا بہت ضروری ہے، خاص طور پر ان افراد کے لیے جو بروز پیر، 26 اکتوبر 2026 کو ہونے والے Mississauga کے 2026 کے بلدیاتی انتخابات میں بطور امیدوار حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہر چار سال بعد، اہل ووٹرز ایک میئر اور 11 سٹی کونسلرز کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ سب مل کر Mississauga سٹی کونسل تشکیل دیتے ہیں، جو شہر کا ایک منتخب انتظامی ادارہ ہے۔

## سٹی کونسل کیوں اہم ہے

چاہے کوئی شخص کونسلر کے طور پر کسی بھی وارڈ کی نمائندگی کرے یا میئر کے طور پر خدمات انجام دے، کونسل کے اراکین شہر کی قیادت اور شہریوں کی نمائندگی کے لیے منتخب کیے جاتے ہیں۔ وہ شہریوں، کمیونٹی گروپس، پارٹنر اداروں اور حکومت کی دیگر سطحوں کے درمیان ایک اہم رابطے کا کردار ادا کرتے ہیں۔

کونسل کے اراکین Mississauga کی ترجیحات طے کرنے اور شہریوں اور کاروباری اداروں کی جانب سے فیصلے کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ وہ شہر بھر کی ضروریات اور مقامی کمیونٹیز کی ضروریات کے درمیان توازن قائم رکھتے ہیں۔ لہٰذا ووٹ دینا بہت اہم ہے۔

سٹی کونسل کا انتخاب ایک واضح اور منظم جمہوری انتخابی عمل کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ اونٹاریو میں بلدیاتی انتخابات *میونسپل الیکشن ایکٹ 1996* کے تحت منعقد کیے جاتے ہیں، جو یہ قواعد طے کرتا ہے کہ کون شخص ووٹ دے سکتا ہے، کون امیدوار بن سکتا ہے اور یہ کہ انتخابی مہم اور ووٹنگ کیسے انجام دی جاتی ہے۔ یہ صوبائی سطح کے قواعد اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ انتخابات منصفانہ اور ہموار ہوں اور شہریوں کو یہ اعتماد دیتے ہیں کہ سٹی کونسل کمیونٹی کی حقیقی خواہشات کی نمائندگی کرے گی۔

## منتخب شدہ عہدیدار کیا کرتے ہیں

منتخب نمائندے عوام کی خدمت کرتے ہیں، وہ رہائشیوں کی بات سنتے ہیں، مختلف نقطۂ ہائے نظر کو مدنظر رکھتے ہیں اور ایسے فیصلے کرتے ہیں جو کمیونٹی کی ضروریات کی عکاسی کریں۔ ان کا کردار قیادت، حکمرانی اور نگرانی پر مرکوز ہوتا ہے۔

میئر اور سٹی کونسل، شہر کے ملازمین یا روزمرہ کے انتظامی امور کو براہِ راست نہیں چلاتے۔ روزمرہ کے انتظامی امور کی قیادت سٹی منیجر اور چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر (CAO) کرتے ہیں۔ CAO شہر کا سب سے سینئر اسٹاف ممبر ہوتا ہے اور وہ کونسل کو رپورٹ کرتا ہے۔

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1



کونسل کے اراکین اپنے فیصلہ سازی کے عمل میں اُن قوانین کے پابند ہوتے ہیں جو ان کی رہنمائی کرتے ہیں، بشمول *میونسپل ایکٹ* اور *پلاننگ ایکٹ*۔

## منتخب شدہ سرکاری عہدے

اس سال کے دوران اہل ووٹرز اپنے میئر کا انتخاب کریں گے جو Mississauga کی نمائندگی کرے گا اور اپنے وارڈ کی نمائندگی کے لیے ایک کونسلر بھی منتخب کریں گے۔ منتخب ہونے والے افراد 2026–2030 کی مدت کے لیے سٹی اور ریجنل کونسل میں خدمات انجام دیں گے۔

ہر کونسلر ایک مخصوص وارڈ کی نمائندگی کرتا ہے اور ایسے مقامی مسائل پر توجہ دیتا ہے جو اس کے علاقے اور کمیونٹیز پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

میئر اور سٹی/ ریجنل کونسلرز کے علاوہ، ووٹرز اسکول بورڈ ٹرسٹیز کا انتخاب بھی کرتے ہیں۔

## Mississauga کا میئر – کونسل کا سربراہ

میئر Mississauga کی کونسل کا سربراہ، عوامی نمائندہ اور کمیونٹی لیڈر ہوتا ہے۔ میئر کونسل اجلاسوں کی صدارت کرتا ہے، شہر کی حکمت عملی کی سمت طے کرنے میں مدد دیتا ہے اور Mississauga کی سرکاری تقریبات میں نمائندگی کرتا ہے۔

میئر بورڈز اور کمیٹیوں میں بھی شامل ہوتا ہے، رسمی ذمہ داریاں ادا کرتا ہے اور دستخط کرنے کے اختیارات رکھتا ہے۔

## سٹی/ریجنل کونسلرز

سٹی کونسلرز، جنہیں وارڈ کونسلرز بھی کہا جاتا ہے، Mississauga کے 11 وارڈز میں سے ایک کی نمائندگی کرتے ہیں۔ وارڈ شہر کا ایک جغرافیائی علاقہ ہوتا ہے جس کا ایک اپنا منتخب شدہ کونسلر ہوتا ہے۔

کونسلرز مقامی مسائل کو سامنے لاتے ہیں، پالیسیوں اور منصوبوں پر اپنی رائے دیتے ہیں اور بجٹ، بائی لاز (ضمنی قوانین)، منصوبہ بندی کی درخواستوں اور سروس کی سطحوں جیسے امور پر ووٹ دیتے ہیں۔

Mississauga میں، کونسلرز ریجنل کونسل میں بھی خدمات انجام دیتے ہیں جو Region of Peel کے لیے ہوتی ہے، جس میں Mississauga، برامپٹن اور کیلیڈون شامل ہیں۔ علاقائی سطح پر، وہ بڑی سڑکوں، پانی اور سیوریج کے نظام، عوامی صحت اور سماجی خدمات جیسے شعبوں کی نگرانی میں مدد کرتے ہیں۔

## بلدیاتی عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کے بارے میں غور کر رہے ہیں؟

میئر یا سٹی کونسلر کے طور پر خدمات انجام دینا ایک بڑے وقت اور عزم کا تقاضا کرتا ہے۔ یہ کردار اکثر معمول کے دفتری اوقات سے آگے بڑھ جاتا ہے، جس میں شام کے اوقات اور ویک اینڈ پر بھی کام کرنا پڑ سکتا ہے۔ کونسل کے اراکین پر لازم ہوتا ہے کہ وہ شہر کے وسیع تر مسائل سے باخبر رہیں اور دن ہو یا رات، کسی بھی وقت ان پر ردِعمل دینے کے لیے دستیاب ہوں۔

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1



اس کام کا بڑا حصہ باقاعدہ کونسل اجلاسوں سے باہر انجام دیا جاتا ہے۔ اس میں رپورٹس کا جائزہ لینا، بریفنگز میں شرکت کرنا، شہریوں کے سوالات کے جوابات دینا، وارڈ میٹنگز کی میزبانی کرنا، کمیٹیوں یا مشاورتی بورڈز میں خدمات انجام دینا اور کمیونٹی تقریبات میں حصہ لینا شامل ہو سکتا ہے۔

کونسل کے اراکین سے عوامی سطح پر اعلیٰ درجے کی جوابدہی کی توقع کی جاتی ہے۔ وہ شہریوں سے براہِ راست، فون، ای میل اور سوشل میڈیا کے ذریعے رابطہ کرتے ہیں۔ انہیں مختلف ضروریات اور ترجیحات کے درمیان توازن برقرار رکھتے ہوئے فیصلے بھی کرنے ہوتے ہیں۔

کونسل کے اراکین کو عوام، اپنے ہم منصبوں یا حکومت کی دیگر سطحوں کی طرف سے تنقید کا سامنا بھی ہو سکتا ہے، چاہے وہ اجلاسوں میں ہو، ذاتی طور پر یا آن لائن طور پر ہو۔ انہیں شہر کی پالیسیوں اور اونٹاریو کے قوانین کی پابندی بھی کرنی ہوتی ہے، جن میں رازدارانہ معلومات کو سنبھالنے سے متعلق قواعد بھی شامل ہیں۔

اگر آپ میئر یا سٹی کونسلر کے لیے انتخاب لڑنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں، تو یہ سمجھنا بہت ضروری ہے کہ اس کردار سے کون سی ذمہ داریاں، توقعات، وقت کی پابندی اور ذاتی قربانیاں وابستہ ہوتی ہیں۔

## امیدواروں کے وسائل، معلومات اور نامزدگیاں

دلچسپی رکھنے والے امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ آنے والے چند مہینوں میں منعقد کی جانے والی امیدواروں کی مفت ورکشاپس شرکت کریں، جو ایسوسی ایشن آف میونسپلٹیز آف اونٹیریو (AMO) کی جانب سے منعقد کی جاتی ہیں۔

26 مارچ 2026 کو منعقد ہونے والے 2026 بلدیاتی انتخابات کے امیدواروں کے معلوماتی سیشن کی ویڈیو دیکھیں۔

امیدواروں کی نامزدگیاں بروز جمعہ، 1 مئی صبح 8:30 بجے شروع ہوں گی۔ نامزدگیوں کا یہ عمل بروز جمعہ، 21 اگست دوپہر 2 بجے تک جاری رہے گا۔

ہر اہل امیدوار کے پاس Mississauga کا مستقبل تشکیل دینے میں مدد کرنے کی طاقت موجود ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے سٹی کے انتخابات کے صفحے پر جائیں تاکہ آپ جان سکیں کہ عہدے کے لیے کیسے انتخاب لڑا جا سکتا ہے۔

## مزید جانیں

Mississauga کے 2026 کے میونسپل انتخابات میں ووٹ دینے کے بارے میں معلومات، بشمول تازہ ترین اپڈیٹس، کے لیے وزٹ کریں: mississauga.ca/election

- میونسپل الیکشن ایکٹ 1996
- ووٹرز کے لیے معلومات
- امیدواروں کے لیے معلومات
- اس سے پہلے کہ آپ ووٹ دیں

بلدیاتی انتخابات سے متعلق سوالات کے لیے، الیکشن آفس سے فون نمبر 905-615-8683 پر یا ای میل: election.office@mississauga.ca کے ذریعے رابطہ کریں یا آن لائن رابطہ فارم استعمال کریں۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

# News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

سٹی آف Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200، ایکسٹینش 5232
TTY: 905-896-5151